1

4823CH01

ساری دُنیا کے مالِک

اَے ساری دُنیا کے مالک
راجا اور پَرجا کے مالک
سب سے انوکھے، سب سے نِرالے
آنکھ سے اوجھل، دِل کے اُجالے
ناؤ جگت کی کھینے والے
دُکھ میں سَہارا دینے والے
جوت ہے تیری جَل اور تَھل میں
باس ہے تیری پھوُل اور پھل میں



© NCERT not to be republished

ہر دل میں ہے تیرا بَسیرا
تُو پاس اور گھر دُور ہے تیرا
تُو ہے اَکیلوں کا رکھوالا
تُو ہے اندھیرے گھر کا اُجالا
بے آسوں کی آس تُو ہی ہے
جاگتے سوتے پاس تُو ہی ہے
سوچ میں دِل بہلانے والے
بِپتا میں کام آنے والے
ہِلتے ہیں پتّے تیرے ہِلائے
کِھلتی ہیں کلیاں تیرے کِھلائے
تُو ہی ڈبوئے، تُو ہی ترائے
تُو ہی بیڑا پار لگائے

(الطاف حسین حالؔی)



© NCERT not to be republished

مشق

I پڑھیے اور سمجھیے:

پَرجا	:	عام لوگ، جنتا
جگت	:	دنیا، سنسار
ناؤ کھینا	:	ناؤ چلانا
جوت	:	روشنی
جَل	:	پانی
تھَل	:	زمین، خشکی
باس	:	خوش بُو، مہک
بسیرا	:	رہنے کی جگہ، گھر
آس	:	اُمّید
سوچ	:	اُلجھن
بِپتا	:	مصیبت
ترانا	:	ڈوبنے سے بچانا
بیڑا پار لگانا (محاورہ)	:	کنارے تک پہنچانا

II سوچیے اور بتائیے:

1۔ ساری دنیا کا مالک کسے کہا گیا ہے؟

2۔ پہلے، تیسرے اور چوتھے شعر میں دنیا کے مالک کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟

3۔ 'تو پاس اور گھر دُور رہے تیرا' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

4- بیڑا پار لگانے کا مطلب کیا ہے؟

5- 'تو ہے اندھیرے گھر کا اجالا' یہاں 'تو' سے کس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

III نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے:

مالک　　ناؤ　　بَسیرا　　رکھوالا

IV نظم کے مطابق صحیح جوڑ ملا کر لکھیے:

سب سے انوکھے، سب سے نِرالے	جاگتے سوتے پاس تو ہی ہے
جوت ہے تیری جَل اور تھَل میں	کِھلتی ہیں کلیاں تیرے کِھلائے
بے آسوں کی آس تو ہی ہے	باس ہے تیری پھول اور پھل میں
ہِلتے ہیں پتّے تیرے ہِلائے	آنکھ سے اوجھل، دِل کے اُجالے

V "راجا اور پَرجا کے مالک" اس مصرعے میں دو لفظ آئے ہیں 'راجا' اور 'پرجا' یہ دونوں لفظ ایک دوسرے کے متضاد (اُلٹے) ہیں۔

- نظم کے اُن مصرعوں کو لکھیے جن میں متضاد الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

VI عملی کام:

- اس نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished